Maulana Azad National Urdu University
B.A I Semester Examination - December - 2018

(BAHS101CCT): History of India upto 6th Century BC

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) تاریخ نویسی کی شروعات کہاں ہوئی۔

(ii) مشہور تصنیف ''What is History'' کے مصنف کون ہیں۔

(iii) موہن جودارو (Mohan Jodaro) کی کھدائی کس نے اور کب کی۔

(iv) Microlith (مائکرولتھ) کسے کہتے ہیں۔

(v) برصغیر ہندوستان میں جدید پتھر کے دور کا سب سے پہلا ذکر کہاں سے ملتا ہے۔

(vi) رگ ویدک دور میں قبیلے کس نام سے جانے جاتے تھے۔

(vii) تیسری بدھ مذہبی مجلس کہاں منعقد کی گئی۔

(viii) اجیویکا (Ajivika) مذہب کا بانی کس کو تصور کیا جاتا ہے۔

(ix) سکندر اعظم (Alexander the Great) کے حملے کے وقت مگدھ کے حکمران کون تھے۔

(x) مگدھ کے دارالحکومت کو کس علاقہ سے پاٹلی پتر منتقل کیا گیا تھا۔

حصہ دوم

(2) تاریخ کی اہمیت پر ایک مختصر نوٹ لکھیے۔

(3) قدیم ہندوستان کی تاریخ کے اہم غیر ملکی ادب (Foreign Accounts) ماخذ کا جائزہ لیں۔

(4) سنگم ادب کی تاریخی اہمیت پر ایک نوٹ لکھیں۔

P.T.O

(5) ہندوستان میں قدیم پتھر کے دور پر مختصر نوٹ لکھیں۔

(6) رگ ویدک دور کے سیاسی اور معاشی حالات کا مختصر جائزہ لیں۔

(7) ہندوستان میں آریاؤں کی آمد پر ایک نوٹ لکھیں۔

(8) 16 مہاجنپداؤں کا مختصر جائزہ لیجیے۔

(9) جین مذہب کی تعلیمات پر ایک مختصر نوٹ لکھیے۔

حصہ سوم

(10) قدیم ہندوستان کی تاریخ جاننے کے لیے غیر ادبی ماخذ (Non-Literary Sources) کس طرح مددگار ثابت ہوسکتے ہیں۔

(11) جدید پتھر کے دور کی نمایاں خصوصیات کی وضاحت کیجیے۔

(12) ہڑپہ تہذیب کے اہم خدوخال کی وضاحت کیجیے۔

(13) بعد کے ویدک دور کی اہم سیاسی، سماجی اور مذہبی تبدیلیوں کا تجزیہ کیجیے۔

(14) بدھ مذہب کی تعلیمات اور تبلیغ پر ایک تفصیلی نوٹ تحریر کیجیے۔

☆☆☆